urdu



اپنے بچے ہوئے کھانے کو صاف توانائی میں بدلیں!

اب وقت آ گیا ہے کہ آپ اپنے بچے ہوئے کھانے کو دوبارہ قابلِ استعمال بنانے کا عمل شروع کریں

آپ کو باورچی خانے میں بچے ہوئے کھانے کو علیحدہ کرنے کے لیے ایک نئی باورچی خانے کی کوڑے والی ٹوکری ملی ہے۔ یہ 100% دوبارہ قابلِ استعمال پلاسٹک سے بنی ہوئی ہے اور اسے کیبنٹ کے دروازے کے اندر نصب کیا جا سکتا ہے – یا آپ سبزیوں کی تیاری کرتے وقت اسے بیسن میں رکھ سکتے ہیں۔

اس ٹوکری کے ساتھ دوبارہ قابلِ استعمال پلاسٹک سے بنے 100 سبز تھیلے فراہم کیے گئے ہیں۔ ان تھیلوں کو بچے ہوئے کھانے کو قابلِ استعمال بنانے پر کام کے دوران ضائع کیا جائے گا، تاکہ پلاسٹک حتمی مصنوعہ کو خراب نہ کرے۔ جب آپ کو مزید تھیلوں کی ضرورت ہو، تو عمارت کے نگران یا اپنی عمارت میں کوڑا کرکٹ وغیرہ کو ضائع کرنے کے ذمہ دار شخص سے رابطہ کریں۔

ان سبز تھیلوں میں بچے ہوئے کھانے کو ضائع کرنا ضروری ہے – اور آپ ان تھیلوں کو کسی اور قسم کے کوڑے کو ٹھکانے لگانے کے لیے استعمال نہیں کر سکتے۔ آپ کو عام کچرے (دودھ کے گتے کے ڈبے، کرپس کے تھیلے، لنگوٹ، مکھن کے ٹب، ٹین کے ڈبوں، آٹے کے تھیلوں وغیرہ) کے لیے اپنے خود کے تھیلے خریدنے چاہیں۔ آپ کے چوک (صحن) میں اب بچے ہوئے کھانے کے لیے خصوصی کنٹینر موجود ہیں۔

اگر آپ اپنے بچے ہوئے کھانے کے لیے مختلف باورچی خانے کی کوڑے والی ٹوکری استعمال کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ اپنی مقامی لائبریری یا ریسائیکلنگ اسٹیشن پر آپ کو فراہم کردہ سبز ٹوکری واپس کر سکتے ہیں تاکہ کوئی دوسرا اسے استعمال کر سکے۔

بچے ہوئے کھانے سے لے کر بائیو گیس اور کھاد تک

ایک عام ٹوکری کے تھیلے کا تقریباً 40% بچے ہوئے کھانے پر مشتمل ہوتا ہے۔

بچے ہوئے کھانے کو باقی گھریلو کوڑے کے ساتھ جلا کر راکھ کرنے کی بجائے، اب آپ اسے بائیو گیس اور کھاد کی تیاری میں استعمال کرنے کے لیے علیحدہ کریں گے۔

بچے ہوئے کھانے کو بائیو گیس پلانٹ میں بھیجا جائے گا، جہاں اس پر عمل ہو گا۔ قدرتی گیس کے گرڈ میں بائیو گیس کو بجلی، حرارت اور ٹرانسپورٹ کا ایندھن بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے – اور یہ توانائی -CO_2 تعدیلی کا ایک ذریعہ ہے۔ اس بچے ہوئے کھانے کی ضمنی پیداوار کو تجارتی زراعت میں مصنوعی کھاد کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

2019میں، ہم نے 31% شہریوں کے بچے ہوئے کھانے کو دوبارہ قابلِ استعمال بنایا۔ اب آپ کے آلو کے چھلکے، مرغی کی ہڈیاں اور آپ کے تمام بچے ہوئے کھانے کو جمع کر کے، ہم توقع کرتے ہیں کہ 2022 سے پہلے 50% گھریلو کوڑا کرکٹ کو دوبارہ قابلِ استعمال بنانے کے اپنے مقصد کو حاصل کر لیں۔

اس بارے میں مزید جاننے کے لیے gladsaxe.dk/affald پر مزید پڑھیں کہ کاربن تعدیلی توانائی اور قدرتی کھاد پیدا کرنے کے لیے بچے ہوئے کھانے کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

بچہ ہوا کھانا؟

جی ہاں براہ مہربانی:
پھل اور سبزیاں
اناج، مکئی، چاول، پاستا اور روٹی
انڈے اور انڈے کے چھلکے
پیسی ہوئی کافی اور کافی کے فلٹر
چائے کے پتے اور چائے کی تھیلیاں
گوشت، مچھلی، ہڈیاں، سرد گوشت کے ٹکڑے
گریوی اور چربی
خراب کھانا
استعمال شدہ کاغذ کے تولیے اور کٹے ہوئے پھول

نہیں شکریہ:
کھانے والے رومال
گملے یا برتن میں لگے ہوئے پودے
جانوروں کا کوڑا کرکٹ
باغ کا کوڑا

یہ مکمل فہرست نہیں ہے۔